# صارفین کیلئے رہنمائی

رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹس ماہر افراد ہوتے ہیں جن کیلئے پیشہ ورانہ معیاروں کو پورا کرنا، طرز عمل کے ضابطے کی پابندی کرنا اور مائیگریشن کے قانون اور کارروائی کے بارے میں علم تازہ رکھنا ضروری ہے۔

آپ کے ایجنٹ کا OMARA (Office of the Migration Agents Registration Authority) کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے جو یہ یقینی بناتا ہے کہ صرف موزوں افراد ہی امیگریشن کے سلسلے میں مدد دینے کیلئے رجسٹرڈ ہوں۔ کسی شخص کے بارے میں یہ چیک کرنے کیلئے کہ وہ رجسٹرڈ ہے، OMARA کے ویب سائیٹ پر جائیں www.mara.gov.au

## مائیگریشن ایجنٹس اور طرز عمل کا ضابطہ

طرز عمل کا ضابطہ یہ یقینی بناتا ہے کہ آپ کا رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹ:

- آپ کو ویزا ملنے کے امکانات کے بارے میں آپ کے ساتھ دیانتداری سے بات کرے؛
- آپ کو آپ کی درخواست کی پیش رفت اور اسے متاثر کر سکنے والی ہر قسم کی تبدیلیوں سے آگاہ رکھے؛
- دفتری اوقات کے دوران رابطے کیلئے دستیاب ہو اور اگر وہ اپنی رابطے کی تفصیلات بدلے تو آپ کو اس بارے میں بتائے
- قانون کے اندر رہتے ہوئے، آپ کے بہترین مفاد میں کام کرے اور آپ کے ذاتی معاملات کو راز میں رکھے؛
- اپنا ایسا کوئی بھی مفاد کھول کر بیان کرے جس سے آپ کی درخواست پر اثر پڑ سکتا ہو اور اگر کوئی اختلاف پایا جاتا ہو تو آپ کیلئے کام نہ کرے؛
- کام شروع کرنے سے پہلے – آپ کو ایک تحریری بیان دے جس سے واضح ہو کہ کونسی خدمات فراہم کی جائیں گی اور فیسوں اور دیگر اخراجات کا کیا اندازہ ہے؛
- مناسب فیس طلب کرے اور اگر آپ پیشگی فیس ادا کریں تو اسے ایک الگ بینک اکاؤنٹ میں رکھے؛
- آپ کو انوائس (بل/رسید) دے جس میں حقیقتاً مکمل کی جانے والی خدمات اور واجب الادا رقم درج ہو؛
- بروقت اور درست مشورہ فراہم کرے اور آپ کو جلد از جلد آپ کی درخواست کے نتیجے کی تحریری اطلاع دے۔

## شکایات

اگر آپ کو اپنے رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹ کے ساتھ کوئی مسئلہ پیش آئے تو آپ کو ایجنٹ کے ساتھ مسئلہ حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ مدد کیلئے OMARA سے رابطہ کریں۔

*OMARA سے شکایت کرنے کی وجہ سے آپ کی ویزے کی درخواست پر اثر نہیں پڑے گا۔*

## Office of the Migration Agents Registration Authority (OMARA)

آسٹریلیا کے قانون کے تحت OMARA:

- مائیگریشن ایجنٹ کے طور پر رجسٹریشن کی درخواستوں پر غور کرتا ہے اور ان کا فیصلہ کرتا ہے؛
- ایجنٹوں کیلئے مسلسل پیشہ ورانہ ترقی کی سرگرمیاں منظور کرتا ہے؛
- رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹس کے طرز عمل پر نظر رکھتا ہے؛ اور
- رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹس کے خلاف شکایات کی چھان بین کرتا ہے اور جب مناسب ہو تو ان کی اصلاح کرتا ہے

OMARA آپ کی ویزے کی درخواست یا سپانسرشپ کے سلسلے میں آپ کی مدد نہیں کر سکتا یا آپ کے رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹ کو آپ کی ادا کی ہوئی فیس واپس کرنے کا حکم نہیں دے سکتا۔

مزید معلومات یہاں سے مل سکتی ہیں www.mara.gov.au

- طرز عمل کا ضابطہ
- رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹ استعمال کرنے کیلئے تجاویز

## کسی شخص کے رجسٹرڈ ہونے کا پتہ چلانے کیلئے دیکھیں: www.mara.gov.au

